یعلمونک سے شروع ہوتی ہے اور اسکے بعد قل حکمیہ سے جواب کے لئے جو الفاظ وحی کیئے جاتے ہیں وہ حدیث رسول ہیں۔ جیسے سورۂ اعراف کی آیت ۱۸۷۔ سورۂ بقرہ کی آیت ۱۸۹۔ ۲۱۷۔ ۲۱۹۔ ۲۲۰۔ ۲۲۲ اور انفال کی آیت ا یہ سب احادیث رسول ہیں یعنی مصنف کے قول کے مطابق الحمد سے والناس تک جو قرآن مجید ہے وہ محض اطلاقاً کلام الٰہی ہے۔ ورنہ زیادہ تر باعتبار لغت وہ احادیث القرآن ہے اور کچھ قرآن کا نام احادیث قدسیہ اور کچھ کا نام احادیث محمدیہ ہے۔ بہر حال کتاب خوبصورت ٹائٹل سے مزین اعلیٰ کاغذ پر چھاپی گئی ہے۔

تعارف کتب

ڈاکٹر محمد شکیل اوج

مبلغ اسلام مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا نام دنیائے اسلام میں اجنبی نہیں ہے۔ انگریزی، عربی، اردو و دیگر زبانوں پر عبور رکھنے والے اس عالم دین نے اپنے علم و فضل، حسن تبلیغ اور جوش خطابت سے ایک جہان کو مسحور کیا۔ بیشمار لوگوں کو حلقہ بگوش اسلام کیا۔ بلکہ جنوبی افریقہ کے ملک ماریشس میں اسلام کا نور انہی کے ذریعہ پھیلا۔ مبلغ اسلام شاہ احمد نورانی صدیقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اسی مرد قلندر کے فرزند ارجمند تھے۔ جو انہی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ان تمام جگہوں پر تبلیغ کرتے رہے۔ جہاں جہاں انکے والد محترم نے تبلیغ فرمائی۔ اور اب اسی بطل جلیل و عظیم کے پوتے مبلغ اسلام شاہ محمد انس نورانی صدیقی تبلیغ اسلام کا مقدس فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ گذشتہ دنوں انس میاں نے اپنے دادا محترم کی لکھی ہوئی مندرجہ ذیل کتب، کتابچے اور رسالے بھجوائے ہیں یہ ساری تحریریں، انگریزی میں ہیں۔ ان میں سے بیشتر تحریریں وہ ہیں جو میں نے اپنے بچپن میں پڑھی تھیں۔ ان تحریروں کا کمال یہ ہے کہ ان کی تازگی، سادگی، پرکاری اور ضرورت میں آج تک کوئی فرق نہیں آیا۔ سالہا سال سے مولانا موصوف کی تحریریں دنیا میں پڑھی جارہی ہیں۔ اور پسند کی جارہی ہیں۔ ذیل میں ان تحریرات کے عناوین درج ذیل ہیں۔

1. Elementary Teaching of Islam Pages 152

2. How to Preach Islam Pages 159

3. Islamic Prayer (Salat) Pages 116

4. The Principles of Islam Pages 30

5. The Pilgrimage to MECCA Pages 28

6. The Forgotten Path of Knowledge Pages 24

7. A Shanian & A Theologian Pages 24

8. Quest for the Happiners Pages 24

9. Cultivation of Science by the Muslims Pages 60

10. Women & Their Status in Islam Pages 24

میاں انس نورانی نے ان تحریرات کو از سر نو شائع کر کے تبلیغ اسلام کا مقدس فریضہ انجام دیا ہے جو نہ صرف قابل قدر ہے بلکہ لائق اتباع بھی ہے۔ خدا انہیں اسکا اجر عطا فرمائے۔ ان عظیم تحریرات کے سلسلہ میں ورلڈ اسلامک مشن پاکستان (ٹرسٹ) یونی شاپنگ سینٹر، فلور نمبر ۵ (Suite No. 502, 503) شاہراہ عراق، صدر، کراچی سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

ولایت قبلہ المعروف تحویل قبلہ۔ مؤلف محمد علی عبدالکریم۔ صفحات ۱۱۷۔ ہدیہ ۹۰ روپے ناشر: سندس ہیڈ شیٹ مرکز A-14 مکہ شاپنگ سینٹر نیو شکریال کہو روڈ، راولپنڈی۔ سنہ اشاعت درج نہیں۔

اس کتاب میں قرآن و احادیث و دیگر حوالوں سے ظاہر کیا گیا ہے کہ خانۂ کعبہ ہی قبلہ اول و آخر ہے۔ اور تحویل قبلہ سے مراد ولایت قبلہ یعنی خانۂ کعبہ کی تولیت ہے۔ نہ کہ تبدیلی قبلہ۔ کتاب علمی رنگ لئے ہوئے ہے اگر طباعت پر بھی توجہ دی جاتی تو کتاب کی افادیت بڑھ جاتی۔

کمال تحقیق جلد اول۔ **ترتیب ڈاکٹر انصار الدین مدنی،** صفحات ۵۷۔ ناشر گنج یونیورسٹی، ڈی، کے ۱۰، ۳۸ اسٹریٹ درخشاں فیز VI، ڈی ایچ اے، کراچی۔ ۷۵۵۰۰، قیمت ۱۵۰ اشاعت جنوری ۲۰۰۷ء

اس مختصر رسالہ میں کراچی یونیورسٹی، وفاقی اردو یونیورسٹی، سندھ یونیورسٹی، پنجاب یونیورسٹی،